**10.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
Music

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج رات ماریشس کے دو روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ جناب مودی ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ بحرِ ہند کے خطے کی سکیورٹی اور ترقی کیلئے ماریشس کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے پر زور دیا جائے گا۔

☆ پارلیمنٹ نے ریلوے ترمیمی بل 2024 پاس کردیا ہے جس کا مقصد ریلوے بورڈ کے کام کاج اور خود مختاری کو بہتر کرنا ہے۔

☆ لوک سبھا نے بحری شعبے میں کاروباری سرگرمیوں کو مستحکم کرنے کیلئے بلز آف Lading بل 2024 کو پاس کردیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے طلبا سے کہا ہے کہ وہ نوکری حاصل کرنے کے بجائے نوکری پیدا کرنے کی ذہنیت اختیار کریں۔

☆ روس نے جاسوسی کے الزام میں دو برطانوی سفارتکاروں کو معطل کرنے کا حکم دیا ہے۔ برطانیہ نے الزامات کو مسترد کردیا ہے۔

☆ اور خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں ممبئی میں، ممبئی انڈینس اور گجرات جائنٹس کے درمیان میچ جاری ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM Mauritius Visit with VC**

وزیر اعظم نریندر مودی دو روزہ دورے پر کل صبح ماریشس پہنچیں گے۔ وزیر اعظم کا ماریشس کا دورہ بھارت-ماریشس تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے بہت ہی اہم مانا جارہا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC Vikalp Shukla

کل 11 مارچ کو ماریشس کے اپنے دورے کے پہلے دن وزیر اعظم نریندر مودی، سر سیووساگر رام غلام بوٹ نیکل گارڈن جائیں گے اور سر سیووساگر رام غلام اور سر انیرود جگناوو کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ وزیر اعظم اس

کمپلیکس میں ایک پودا بھی لگائیں گے۔ اس کے بعد، وزیر اعظم ماریشس کے صدر دھرم گوکل سے ملاقات کریں گے۔ وزیر اعظم کل شام ماریشس میں ایک کمیونٹی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ ماریشس میں رہنے والے ہزاروں بھارت نژاد افراد اس میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی ماریشس کے وزیر اعظم نوین چندر رام غلام سے ملاقات کریں گے۔دورے کے دوسرے دن 12 مارچ کو وزیر اعظم ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ بحری سیکیورٹی، صلاحیت سازی اور تجارت جیسے شعبوں میں کئی سمجھوتوں پر دستخط بھی کئے جائیں گے۔ بھارت اور ماریشس کے درمیان تعلقات قدیم اور کثیر جہتی ہیں۔ امید ہے کہ وزیراعظم کے اِس دورے سے باہمی تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچیں گے۔

ماریشس سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## RS Railway Amendment Bill

پارلیمنٹ نے ریلوے ترمیمی بل 2024 پاس کردیا ہے۔ راجیہ سبھا نے آج بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کے پہلے دن اِسے منظوری دی ہے۔ یہ بل 1989 کے ریلوے قانون کی جگہ لے گا جس کا مقصد تنظیم کے کام کاج اور اختیارات کو بہتر کرکے ریلوے بورڈ کے اختیارات کو مستحکم کرنا ہے۔ لوک سبھا نے پچھلے سال ہی اِس بل کو پاس کردیا تھا۔

بل پر ایک بحث کا جواب دیتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بھارتی ریلوے، مسلسل اصلاحات کے دور سے گزر رہا ہے اور بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور تحفظ کو بہتر کرنے پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے 11 سالوں میں 34 ہزار نئے ریلوے ٹریک بنائے گئے ہیں اور 45 ہزار کلو میٹر طویل ٹریکوں کی بجلی کاری کی گئی ہے۔

SB 2100 Ashwini Vaishanav on Electrification

جناب ویشنو نے کہا کہ سرکار نے ریلوے اور مسافروں کے تحفظ پر اوّلین ترجیح دی ہے۔

SB 2100 Ashwini Vaishanav on Safety

نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر ہوئے حالیہ حادثے پر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ معاملے کی تفتیش کی جارہی ہے اور اس پر سیاست نہیں کی جانی چاہیئے۔

## Rev LS Lading Bill

لوک سبھا نے آج Lading یعنی باربرداری سے متعلق بلوں کو پاس کردیا ہے۔ یہ 1856 کے Lading ایکٹ سے متعلق بھارتی بلوں کی جگہ لے گا، جو دستاویز جاری کرنے کیلئے قانونی فریم ورک جاری کرتا ہے۔ بل آف Lading کا مطلب ایک دستاویز ہے جو ایک مالبردار جہاز کی کمپنی، ٹرانسپورٹنگ کمپنی کیلئے جاری کرتی ہے۔ اس میں سامان کی قسم، مقدار، حالت اور منزل کی تفصیلات شامل ہوتی ہیں۔ ایکٹ میں کہا گیا ہے کہ ایک بل آف Lading جہاز پر سامان کی ایک جامع شاہد ہے۔

بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا کہ یہ بل وزیر اعظم نریندر مودی کے یکسر تبدیلی کے وژن کے مطابق ہے۔انھوں نے کہا کہ ملک میں سمندری اور ساحلی شعبے میں کئی تبدیلیاں کی جارہی ہیں اور یہ قانون اِسی کا حصہ ہے۔ جناب سونووال نے کہا کہ یہ اِس شعبے کا ایک اہم قانون ہے جس سے کاروبار اور تجارتی کام کاج میں اضافہ ہوگا۔جناب سونووال نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت 2047 تک خودکفیل اور ترقی یافتہ ملکوں میں سے ایک ہوگا۔x

## LS Supplimentry

حکومت نے آج موجودہ مالی سال میں اس ماہ کے آخر تک خالص اضافی 51 ہزار 462 کروڑ روپے خرچ کرنے کے لیے پارلیمنٹ سے منظوری مانگی ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج لوک سبھا میں گرانٹس کے ضمنی مطالبات کے دوسرے حصے کو پیش کیا۔ مجموعی اضافی خرچ جس کی منظوری حکومت نے مانگی ہے یہ چھ لاکھ 78 ہزار 508 کروڑ روپے ہے جس میں سے چھ لاکھ 27 ہزار 44 کروڑ روپے کا بچت اور رسیدوں سے موازنہ کیا جائے گا۔x

## President Haryana Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ روحانی سکون کو اکثر معاشرے سے دوری تصور کیا جاتا ہے۔ صدر مرمو آج ہریانہ میں ہسار کے مقام پر برھماکماریز کی گولڈن جوبلی تقریبات سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ روحانیت کی بنیاد پر سماجی، معاشی، سائنسی، ثقافتی، سیاسی یا کوئی اور نظام اخلاقی اور پائیدار ہوتا ہے۔

S/B 2100 President Murmu On Adhyatimlkta

اس سے پہلے دن میں صدر مرمو نے ہسار میں گرو Jambheshwar یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کی۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے طلبا سے کہا کہ وہ روزگار حاصل کرنے کی بجائے روزگار پیدا کرنے کی ذہنیت اختیار کریں۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 وقت کی ضرورتوں کے مطابق تعلیمی نظام میں اہم تبدیلیاں لانے کیلئے نافذ کی گئی ہے۔ انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ نئی تعلیمی پالیسی کے مطابق حاصل کی گئی تعلیم طلبا میں اصلی سوچ اور تخلیقی صلاحیت پیدا کرے گی اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرے گی۔x

## President Visit with VC

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو کل سے پنجاب اور چنڈی گڑھ کے دو روزہ دورے پر ہوں گی۔ پنجاب کے اپنے دورے کے دوران، محترمہ مرمو سینٹر یونیورسٹی آف پنجاب اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز بھٹنڈہ کے جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ پنجاب کے گورنر گلاب چند کٹاریہ اور دوسری اہم شخصیات، دونوں تقریبات میں محترمہ مرمو کے ساتھ ہوں گی۔ تمام جگہوں پر سکیورٹی کے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔x

## Russia Britain Diplomats

روس نے آج دو برطانوی سفارتکاروں کو دو ہفتے کے اندر ملک چھوڑنے کا حکم جاری کیا ہے، ان پر جاسوسی کرنے کا الزام ہے۔ روس کی وفاقی سکیورٹی سروس FSB نے سفارتکاروں پر غلط ذاتی ڈیٹا مہیا کرانے اور ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام لگایا ہے جس سے ملک کی قومی سلامتی کو خطرہ لاحق ہے۔ لیکن اس سلسلے میں کوئی ثبوت فراہم نہیں کی۔ روسی وزارت خارجہ نے برطانوی سفارتخانے کے ایک اہلکار کو بلا کر کہا کہ وہ اپنی سرزمین پر غیرمصدقہ برطانوی انٹیلیجنس افسروں کو برداشت نہیں کرے گا۔ دریں اثناء، برطانیہ کے دفتر خارجہ نے روس کے جاسوسی کے حالیہ الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ جھوٹ اور بے بنیاد ہے۔ اور اِس نے اس کے بارے میں کوئی جانکاری نہیں دی کہ اس کے جواب میں کوئی منصوبہ بنایا گیا ہے۔ روس کی FSB نے گزشتہ سال سات برطانوی ڈپلومیٹس پر جاسوسی کا الزام لگایا تھا، جس کے سبب انہیں ستمبر اور نومبر میں ملک سے باہر کر دیا گیا تھا۔ لندن نے ان دعووٴں کو بے بنیاد قرار دیا اور اس کے جواب میں ایک روسی ڈپلومیٹس کو ملک سے باہر کر دیا تھا۔ گزشتہ سال مئی میں برطانیہ نے روس کے دفاعی اتاشی کو جاسوسی کا الزام لگا کر ملک سے باہر کر دیا تھا اور روس کے سفارتکاری سے متعلق عمارت کو مبینہ طور پر جاسوسی کرنے کی وجہ سے بند کر دیا تھا۔ یوکرین میں بڑھتے ہوئے تنازعات کے دوران ملک سے باہر کرنے کے پچھلے واقعات کے بعد یہ قدم سامنے آیا ہے 2022 سے روس اور مغربی ملکوں کے سینکڑوں ڈپلومیٹس ملک سے باہر کیے جا چکے ہیں۔

## Northern Railway Special Trains

شمالی ریلوے ہولی کے تہوار سے پہلے مسافروں کیلئے آسان سفر کی غرض سے 400 سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے شمالی ریلوے کے چیف رابطہ عامہ افسر ہمانشو شیکھر اُپادھیایہ نے بتایا کہ مسافروں کی آسانی کیلئے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ قومی راجدھانی میں نئی دلّی-آنندوہار اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کیلئے سکیورٹی انتظامات، منی کنٹرول روم اور انتظار کیلئے جگہوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ جناب اپادھیایہ نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو آن ڈیمانڈ خصوصی ٹرینیں بھی چلائی جائیں گی۔

S/B Himanshu Upadhyay

جناب اپادھیانہ نے مزید کہا کہ پلیٹ فارم پر اُن مسافروں کو ہی جانے کی اجازت ہوگی جن کے پاس ٹرین ٹکٹ ہوں گے۔x

## PM CISF

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مرکزی صنعتی سکیورٹی فورس CISF کے تمام اہلکاروں کو یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ CISF اپنی کارکردگی، اپنے آپ کو وقف کرنے اور حوصلہ مندی کیلئے جانا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ CISF ضروری بنیادی ڈھانچوں کو تحفظ فراہم کرکے اور ہر روز لاکھوں لوگوں کے تحفظ کو یقینی بنا کر ملک کے سکیورٹی نظام میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔x

## PM Condolence

وزیراعظم نریندر مودی نے گلوکار گری میلا بالاکرشن پرساد کی موت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ گری میلا بالاکرشن پرسا کے روح کو جھنجھوڑنے والے گیتوں نے بے شمار دلوں کو چھوا اور رواحانیت اور موسیقی کے گوناگوں ورثے کی حفاظت کی۔ جناب مودی نے کہاک ہ گلوکار بالاکرشن کو ایک باصلاحیت نغمہ نگار اور موسیقار کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔x

## Pradhan Tamilnadu

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ مرکز کسی پر بھی کوئی زبان نہیں تھوپ رہا ہے اور تمل ناڈو سرکار اس معاملے پر سیاست کر رہی ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ تمل ناڈو کو PM شری دیئے جانے میں سرکار کو کوئی اعتراض نہیں ہے بشرطیکہ وہ مرکزی سرکار کی پالیسیوں سے رضامند ہوں۔ انھوں نے کہا کہ اپوزیشن کی حکمرانی والی پنجاب اور کرناٹک کی سرکاریں بھی PM شری اور قومی تعلیمی پالیسی کا نفاذ کر رہی ہیں۔x

## IPL Tobacco AD

مرکزی وزارتِ صحت نے عوام کی صحت تشویشوں کا حوالہ دیتے ہوئے انڈین پریمیرلیگ IPL سے کہا ہے کہ وہ میچوں اور ٹیلی کاسٹ کے دوران تمام تمباکو اور شراب سمیت متبادل پروموشن کی نشریات پر پابندی لگائیں۔ IPL چیئرمین ارُن سنگھ دھومل کے نام ایک خط میں صحت خدمات کے ڈائریکٹر جنرل نے IPL سے متعلق تمام تقریبات اور اسٹیڈیم میں اس طرح کی اشیاء کی فروخت پر بھی پابندی کی بات کہی ہے۔ یہ خط بھارت میں کرکٹ کے کنٹرول بورڈ کو بھی بھیجا گیا ہے اور اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ تمباکو اور شراب، بھارت میں غیرمتعدی امراض کے اضافے کی اہم وجہ ہے، جس کی وجہ سے 70 فیصد سے زیادہ سالانہ اموات ہوتی ہے۔ آئی پی ایل 22 مارچ سے شروع ہو رہاہے۔x

## Punjab Accident

آج صبح سویرے جالندھر میں جالندھر-جموں شاہراہ پر ایک بس اور ٹرکٹر ٹرالی کے آپس میں ٹکرانے سے چار افراد ہلاک اور 15 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ حادثے میں مرنے والوں میں بس ڈرائیور اور تین مسافر شامل ہیں۔ ڈرائیور کا تعلق جموں وکشمیر سے ہے، جبکہ ایک باپ اور بیٹا دلّی سے اور چوتھے کا تعلق لدھیانہ سے ہے۔ ٹرالی کے ڈرائیور پروندرسنگھ بھی زخمی ہے۔ تمام زخمیوں کو مختلف اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے اور علاج جاری ہے۔x

## MP Tiger Reserved

مدھیہ پردیش کے شیو پوری ضلع میں واقع مادھونیشنل پارک کو شیروں کے لیے ریاست کا ایک نیا محفوظ پناہ

گاہ قرار دیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا اور وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے آج مشترکہ طور پر شیروں کے محفوظ پناہ گاہ کا افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ نے پارک کے تحفظ کے لیے بنائی گئی ایک 13 کلومیٹر طویل دیوار کا بھی افتتاح کیا۔×

## ED Chhattisgarh

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ED نے شراب گھپلے کے سلسلے میں چھتیس گڑھ کے دُرگ ضلع میں 14 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہیں۔ کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام PMLA ایکٹ 2002 کے تحت تلاشی کی یہ کارروائی انجام دی گئی ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ بھوپیش بگھیل کی رہائش گاہ سمیت اُن کے بیٹے اور قریبی ساتھیوں کے ٹھکانوں پر تلاشی کی گئی ہے۔ ED نے یہ معلومات حاصل کی ہے کہ سابق وزیراعلیٰ کے بیٹے بھی شراب گھپلے سے وابستہ جرائم میں شامل ہیں۔ یہ گھپلہ مختلف اسکیموں کے ذریعے حاصل کیے گئے 2 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا ہے۔

## Armenian FM Sapru House Lecture

ارمینیا کے وزیر خارجہ Ararat Mirzoyan نے آج اس بات کو اجاگر کیا ہیے کہ بھارت اور ارمینیا دونوں ملکوں کے درمیان براہ راست پرواز شروع کرنے کے عمل کے بارے میں فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔ آج نئی دلی میں 52واں Sapru House Lecture میں خطاب کرتے ہوئے جناب Mirzoyan نے کہا کہ بھارت 1991 میں ارمینیا کی آزادی کو تسلیم کرنے والے ملکوں میں پہلا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں نے مشترکہ کوششوں اور مضبوط عزم کے ذریعے باہمی مفادات کے مختلف شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔ ارمینیا کے وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا ہے کہ رابطہ اور کنکٹیویٹی میں اضافے کے مقصد سے ارمینیا، بین الاقوامی شمال جنوب ٹرانسپورٹ راہداری پروجیکٹ اور چاہ بہار بندرگاہ ترقیاتی مشن کے ساتھ بات چیت اور تعاون میں پیش رفت کا خواہاں ہے۔×

## WPL Cricket

ممبئی میں، خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں ممبئی انڈینس نے گجرات جائنٹس کے سامنے جیت کیلئے 180 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے پہلے گجرات جائنٹس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 179 رن بنائے۔ ممبئی اور گجرات دونوں ہی، دلّی کے ساتھ پلے آف میں اپنی جگہ بنا چکے ہیں۔ البتہ آج کا میچ اہم جس سے ٹورنامنٹ کے پہلے فائنلسٹ کا فیصلہ ہوگا۔

درجہ بندی میں سب سے اوپر رہنے والی ٹیم سیدھے فائنل میں پہنچے گی۔ دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہنے والی ٹیمیں Eliminator میچ کھیل کر فائنل میں اپنی جگہ بنائیں گی۔ دلّی کیپٹل 10 پوائنٹ کے ساتھ فی الحال پوائنٹ ٹیبل میں سرفہرست ہے جبکہ گجرات اور ممبئی کے آٹھ-آٹھ پوائنٹس ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆